فوری ریلیز کے لیے: 3/11/2022 **گورنر *KATHY HOCHUL***

گورنر HOCHUL نے نیویارک کے باشندوں کو تنفسی بیماریوں سے بچانے کے لیے عوامی آگاہی مہم کا آغاز کیا ہے

ریاستی ہیلتھ کمشنر کے ویڈیو پیغامات تنفسی بیماریوں سے لاحق ہونے والے تین خطرات، بشمول RSV، فلو اور COVID-19، سے خبردار کرتے ہیں

نئے ویڈیو کلپس نیویارک کے باشندوں پر زور دیتے ہیں کہ وہ فلو اور COVID-19 ویکسینز اور بوسٹرز لگوائیں؛ اپنی اور اپنے خاندانوں کی حفاظت کے لیے اقدامات اپنائیں

گورنر Kathy Hochul نے اس موسم خزاں میں تنفسی وائرس کے پھیلنے والے انفیکشنز اور ان اقدامات کے بارے میں آج عوامی بیداری کی ایک نئی مہم کا آغاز کیا جو نیویارک کے باشندے اپنی، اپنے خاندانوں اور اپنی کمیونٹیز کی حفاظت کے لیے اپنا سکتے ہیں۔ نیویارک ریاستی محکمہ برائے صحت کی جانب سے تیار کردہ، تینوں ویڈیو کلپس متعدد سوشل میڈیا پلیٹ فارمز پر آن لائن چلیں گے اور ان میں نیویارک ریاستی کمشنر برائے صحت ڈاکٹر Mary T. Bassett نیویارک کے باشندوں سے ان تین وائرسز - ریسپائریٹری سنسیٹیئل وائرس (Respiratory Syncytial Virus، RSV)، فلو اور COVID-19 کے بارے میں براہ راست بات کریں گی - جو آج کل ریاست میں ایک ہی طرح کی علامات اور سنگین بیماری کا سبب بننے کے امکانات کے ساتھ گردش کر رہے ہیں۔

"تنفسی بیماریوں کے خلاف ہماری جنگ کا آغاز نیویارک کے باشندوں کو انفیکشن سے بچانے کے ساتھ شروع ہوتا ہے، اور ہم ان وائرسز کے بارے میں بیداری پیدا کرنے اور نیویارک کے زدپذیر باشندوں کو محفوظ اور صحت مند رکھنے کے لیے اقدامات اپنا رہے ہیں،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "یہ آگاہی مہم متعدی بیماری کے پھیلاؤ کو روکنے کے لیے ہماری کثیر جہتی، جراتمندانہ کوششوں کا حصہ ہے اور نیویارک کے باشندوں کی صحت کے تحفظ کے لیے ہم جو کچھ کر سکتے ہیں وہ کریں گے۔"

ریاست نیویارک کے محکمۂ صحت کی کمشنر Dr. Mary T. Bassett نے کہا، "یہ ویڈیوز نیویارک کے تمام باشندوں کو اس موسم میں پھیلنے والے تنفسی وائرس اور ان اقدامات کے بارے میں ایک اہم پیغام دیتے ہیں جو افراد اپنی اور اپنے عزیزوں کی حفاظت کے لیے اپنا سکتے ہیں۔ عوامی بیداری کی یہ نئی مہم نیویارک کے باشندوں کو اس موسم خزاں اور موسم سرما میں RSV، فلو، اور COVID-19 وائرس کا شکار ہونے اور ان کے پھیلاؤ سے بچنے کے لیے کچھ عملی طریقے فراہم کر کے محکمہ صحت کی دیگر عوامی بیداری کی کوششوں کو تقویت دیتی ہے، جس میں والدین کو یہ یاد دلانا بھی شامل ہے کہ وہ خود اور اپنے 6 ماہ یا اس سے زیادہ عمر کے بچوں کو فلو اور COVID-19 دونوں کے شاٹس لگوائیں۔"

محکمہ صحت نے سوشل میڈیا پر اشتراک کرنے کے لیے تین ویڈیوز تخلیق کی ہیں: ایک مختصر کلپ اور ایک طویل ورژن والدین کے لیے تیار کیا گیا ہے؛ اور ایک ورژن جو خاص طور پر نگہداشتِ صحت کے فراہم کنندگان کے لیے ہے۔

اگرچہ RSV ہر موسم خزاں اور موسم سرما میں ایک عام وائرس ہے، لیکن یہ بہت چھوٹے بچوں کے لیے خطرناک ہو سکتا ہے، خاص طور پر وہ بچے جو قبل از وقت پیدا ہوئے ہیں یا ایک سال سے کم عمر ہیں، اور ساتھ ہی بوڑھے بالغوں اور بعض طبی کیفیات جیسے پھیپھڑوں یا دل کی دائمی بیماری یا کمزور مدافعتی نظام کے حامل افراد کے لیے بھی خطرناک ہو سکتا ہے۔ تنفسی وائرسز کے خلاف موسمی فلو اور COVID ویکسینز لگوانا، COVID-19 بوسٹرز کے حوالے سے آگاہ رہنا، سماجی فاصلہ بندی کا اہتمام، پُرہجوم مقامات پر ماسک پہننا، اور متواتر ہاتھ دھونے سمیت، حفظانِ صحت کے مناسب اصولوں پر عمل پیرا ہونا بہترین مدافعانہ طرزِ عمل ہے۔

محکمہ صحت علاقائی ہسپتالوں کی گنجائش کی نگرانی اور ان ہسپتال اور نگہداشتِ صحت کے نظاموں کو شاملِ عمل کرنا جاری رکھے ہوئے ہے جو اپنے ہنگامی شعبہ جات اور اندرون مریضاں یونٹس میں ممکنہ طور پر عمومی تعداد سے زیادہ مریضوں کا معائنہ کریں گے۔ ایجنسی کسی بھی ایسے فرد کو جو بیمار ہے یا سانس سے متعلق وائرس کی علامات ظاہر کر رہا ہے، پُرزور تاکید کر رہی ہے کہ وہ پہلے اپنے بنیادی نگہداشت فراہم کنندہ سے مشورہ کرے۔

Dr. Bassett کے پیغام برائے والد/والدہ کا مکمل اسکرپٹ:

اس موسم خزاں میں، ہمیں تنفسی انفیکشن جیسے RSV، فلو، اور COVID-19 سے تہرے خطرے کا سامنا ہے۔

RSV کوئی نیا وائرس نہیں ہے، لیکن یہ بہت چھوٹے بچوں کے لیے خطرناک ہو سکتا ہے۔

ایسے کام جو ہم کر سکتے ہیں، ہاتھ دھونا، اور بچوں کو سکھانا کہ کھانستے یا چھینکتے وقت ٹشو یا اپنی کہنی کا استعمال کریں۔

اس بات کو یقینی بنائیں کہ آپ یا آپ کے بچے بیمار ہونے کی صورت میں گھر پر رہیں۔

والدین اور سرپرستگان، براہ کرم اپنے بچے کو ایمرجنسی روم لے جانے سے پہلے - اپنے ماہر اطفال یا دیگر فراہم کنندہ کو دکھائیں۔

اپنا سالانہ فلو شاٹ لگوائیں اور COVID ویکسینز - بشمول اپ ڈیٹ شدہ بائی ویلنٹ بوسٹر کے بارے میں آگاہ رہیں، یہ شدید بیماری اور ہسپتال میں داخل ہونے سے بچائیں گے۔

اندرونی جگہ پر ماسک پہننا یاد رکھیں۔ خاص طور پر اگر آپ چھوٹے بچوں، یا دیگر بوڑھے بالغان، یا دائمی امراض کے حامل افراد کے ساتھ رہائش پذیر ہیں۔

محفوظ رہیں، شکریہ۔

Dr. Bassett کے پیغام برائے نگہداشتِ صحت کے فراہم کنندگان کا اسکرپٹ:

موسم ٹھنڈا ہوتا جا رہا ہے اور متوقع طور پر، RSV، انفلوئنزا، اور COVID-19 کے اضافے کے ساتھ تنفسی وائرل انفیکشنز بڑھ رہے ہیں۔

والدین اور سرپرستگان پریشان ہیں، اور بطور نگہداشتِ صحت کے فراہم کنندگان، آپ مدد کر سکتے ہیں۔ آزمودہ و سچ پر زور دینا ہمیشہ سے اہمیت رکھتا ہے: ہاتھ دھونا، سطحوں کو جراثیم سے پاک کرنا اور ہواداری کا انتظام۔

بچوں کو سکھانا چاہیئے کہ کھانستے اور چھینکتے وقت ٹشو استعمال کریں یا اپنی کہنی سے منہ ڈھانپیں۔ والدین کو ترغیب دیں کہ وہ بیمار بچوں کو گھر پر رکھیں۔ پانی پیئیں اور علامات کی نگرانی کریں۔

زیادہ خطرے کے حامل افراد کے ساتھ رہائش پذیر افراد کے لیے اندرونی جگہ پر ماسک پہننا اور سماجی فاصلہ بندی اہم ہو سکتی ہے: شیر خوار، بوڑھے بالغان، قبل از وقت پیدا ہونے والے بچے یا صحت کے دائمی امراض میں مبتلا افراد۔

سب سے اہم، براہ کرم ویکسین لگوانے پر زور دیں۔

سالانہ فلو شاٹس اور COVID-19 ویکسینز، بشمول اپ ڈیٹ شدہ بائی ویلنٹ بوسٹر، شدید بیماری کے خلاف ہمارے لیے مؤثر تحفظ ہے۔

آپ کی مدد اور نیویارک کے تمام باشندوں کی نگہداشت کے لیے آپ جو کچھ کرتے ہیں اس کے لیے آپ کا شکریہ۔

اس موسمِ خزاں سے پہلے، ریاستی محکمۂ صحت نے تنفسی امراض کے حوالے سے ہسپتالوں، صحت کے مقامی محکمہ جات، لیبارٹریوں، ایمرجنسی رُومز، اور خاندانی ادویہ کے فراہم کنندگان، شعبہ ابتدائی نگہداشت، شعبہ امراضِ اطفال، بالغان کے شعبہ ادویہ، شعبہ متعدی مرض، نیورولوجی، اور انفیکشن کنٹرول کے لیے ایک ہیلتھ ایڈوائزری نوٹس جاری کیا۔ کسی خاص وائرس کے لیے تخصیص کے بغیر، نوٹس میں ان اقسام کے امراض کے باعث ہسپتالوں میں داخلوں کی تعداد میں اضافے اور اس حوالے سے وفاقی ذرائع کو نمایاں کیا گیا۔

ایجنسی کی سالانہ عوامی آگاہی مہم بھی جاری ہے، جو بالغ افراد اور والدین کو یہ یاددہانی کرواتی ہے کہ وہ خود اور 6 ماہ اور اس سے زائد عمر کے بچوں کو فلو اور COVID-19 دونوں کے شاٹس لگوائیں۔ اس موسمِ خزاں اور موسمِ سرما کے دوران، فلو اور COVID-19 ویکسینز لگوانے کے علاوہ، RSV، فلو، اور COVID-19 وائرسز کا شکار ہونے اور ان کے پھیلاؤ سے بچنے کے لیے کچھ عملی طریقے بھی کارگر ہیں:

- اپنے ہاتھوں کو اکثر کم از کم 20 سیکنڈ تک صابن اور گرم پانی سے دھوئیں تاکہ آپ خود بھی جراثیم سے محفوظ رہ سکیں اور دوسروں تک ان جراثیم کے پھیلاؤ سے بھی گریز کریں۔
- اپنے ساتھ الکحل پر مبنی ہینڈ سینیٹائزر رکھیں جس میں کم از کم 60 فیصد الکحل شامل ہو تاکہ صابن اور پانی دستیاب نہ ہونے کی صورت میں آپ اسے استعمال کر سکیں۔
- کھانستے یا چھینکتے وقت اپنے ہاتھوں سے منہ ڈھانپنے سے گریز کریں۔ اس کے بجائے، اپنے منہ اور ناک کو ٹشو سے ڈھانپیں۔
- بیمار ہونے کی صورت میں گھر پر رہیں۔
- اگر آپ میں علامات ظاہر ہوئی ہیں، تو ایسا ماسک پہنیں جو آپ کی ناک اور منہ کو ڈھانپ سکے۔

نیویارک کے باشندوں کو ان وائرسز کے بارے میں باخبر فیصلے کرنے میں مدد دینے کے لیے وسائل بھی دستیاب ہیں:

- RSV کے بارے میں معلومات۔

- فلو کے بارے میں معلومات، بشمول حقائق نامے اور ڈاؤن لوڈ کے قابل دیگر لوازمات۔
- COVID-19 کی ویب سائٹ پر عوام، اسکولز، بالغان کی نگہداشتی سہولت گاہوں اور طبی لیبارٹریز کے لیے وسائل موجود ہیں۔
- ویکسین کی افادیت کے بارے میں معلومات۔

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418